5 Board Ques Paper 2018

سوال۔1 صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

۱۔ افسانے کا باقاعدہ آغاز ہوا۔

(الف) انیسویں صدی میں (ب) اکیسویں صدی میں

(ج) بیسویں صدی میں (د) سترہویں صدی میں

۲۔ مصنف کے ساتھی کس چیز سے ڈرتے تھے۔

(الف) رات کے اندھیرے سے (ب) امتحان کے نام سے

(ج) بیماری سے (د) رزلٹ سے

۳۔ جہاں قدر چغتائی کو طالب علمی کے زمانے میں شوق تھا۔

(الف) پڑھنے کا (ب) گھومنے کا

(ج) کھیلنے کا (د) کام کرنے کا

۴۔ ''لڑکا اور غلیل'' سبق کے مصنف ہیں۔

(الف) علی عباس حسینی (ب) مولوی عبدالحق

(ج) سراج انور (د) بھیشم ساہنی

۵۔ رام داس کے بیٹے تھے۔ http://www.mpboardonline.com

(الف) چھ (ب) چار

(ج) نو (د) پانچ

**جواب:۔** (۱)ج (۲)ب (۳)الف (۴)د (۵)ب

5

سوال۔2 درج ذیل خالی جگہوں کو دیے گئے الفاظ کی مدد سے پر کیجئے۔

ٹی ٹی آئی ، سفید ، ناآشنا ، آلہ ، دلچسپی

۱۔ بابا نور کے کندھے پر ............... کھدر کا ایک رومال تھا۔

۲۔ ہم نے سمجھا ہماری روح قبض کرنے کا کوئی ............... ایجاد ہوا ہے۔

۳۔ ہمارے ایک دوست ریلوے میں ............... رہ چکے تھے۔

۴۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ سے ان کو گہری ............... تھی۔

۵۔ ایک ایسی بیٹی جو سولہ برس تک ان کی صورت سے ............... تھی۔

**جواب:۔** (۱)سفید (۲)آلہ (۳)ٹی ٹی آئی (۴)دلچسپی (۵)ناآشنا

سوال۔3 درج ذیل سوالوں کے جواب ایک جملے میں دیجئے۔ 5

۱۔ مینا کا گھونسلا کہاں تھا ؟

۲۔ اردو کی تاریخ کتنی پرانی ہے ؟

۳۔ اردو غزل کی نئی روایت کو جنم دیا۔

۴۔ نظیر اکبرآبادی کا پورا ادب کن روایات پر مشتمل تھا ؟

۵۔ بوڑھے شخص کا کیا نام تھا ؟

**جواب:۔** (۱) مصنف کے گھر کے روشن دان میں (۲) ایک ہزار سال (۳) میر تقی میر (۴) ہندوی روایت (۵) رام داس

سوال۔4 درج ذیل میں صحیح رابطہ قائم کر کے لکھئے۔ 5

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| ۱۔ کوئی غم | (a) عورتوں سے باتیں کرنا |
| ۲۔ تصوف کا شاعر | (b) شاہ بیت |
| ۳۔ رات اور ریل | (c) شفا گوالیاری |
| ۴۔ غزل کے لغوی معنی | (d) خواجہ میر درد |
| ۵۔ غزل کا سب سے اچھا شعر | (e) اسرار الحق |

**جواب:۔** (۱) c (۲) d (۳) e (۴) a (۵) b

سوال۔5 درج ذیل جملوں کو پڑھ کر ان کے سامنے صحیح ☑ اور غلط ☒ کا نشان لگایئے۔ 5

۱۔ جگر مرادآبادی کا وطن مرادآباد تھا۔ (    )

۲۔ عتیق اللہ نے غزل کے میدان میں نئے راستے تلاش کئے۔ (    )

۳۔ جگنو دن کے وقت نظر آتا ہے۔ (    )

۴۔ شکیل بدایونی نے فلموں میں گیت لکھے۔ (    )

۵۔ فراق کا اصلی نام علی سکندر ہے۔ (    )

**جواب:۔** (۱) صحیح (۲) صحیح (۳) غلط (۴) صحیح (۵) غلط

سوال۔6 مولوی قدرت اللہ نے بچوں سے کہا۔ 2

یا۔

انگلستان کیسا ملک ہے ؟

http://www.mpboardonline.com

سوال۔7 گوہ کی لمبائی کتنی ہوتی ہے ؟ 2

یا۔

انگریز حکومت نے حکیم صاحب کو کس خطاب سے نوازا ؟

سوال۔8 رشید احمد صدیقی نے اپنی زندگی کس شہر میں گزاری اور کس شعبہ کے صدر تھے ؟ 2

یا۔

جوانی کے عہد میں زیادہ تر لوگ کس چیز کی فکر میں مبتلا رہتے ہیں ؟

نوٹ: ذیل میں درج اقتباس کو پڑھ کر نیچے لکھے ہوئے سوالوں کے جواب دیجئے۔

دو تین عورتیں باتیں کرتی تیزی سے اس کو دھکا دیتی گزر گئیں، ساڑی کا پلو زمین پر جا گرا، پرس ہاتھ سے چھوٹ گیا۔ اس نے غصہ سے انہیں گھورا، ساڑی درست کی۔ پرس اٹھایا، کافی کے کاؤنٹر پر پیسے رکھے اور ویٹنگ روم میں آ گئی۔

سوال۔9 اس اقتباس کے سبق اور مصنف کا نام لکھئے۔ 2

سوال۔10 عورتوں نے کیا کیا ؟ 2

سوال۔11 عبارت کی سلیس اردو کر کے لکھئے۔ 2

سوال۔12 اخبار میں نتیجہ کا نمبر نہ ملنے پر مصنف کی کیا کیفیت ہوئی تھی ؟ 4

http://www.mpboardonline.com یا۔

مصنف کے مطابق دعوت میں کھانا کس طرح کھانا چاہئے ؟

سوال۔13 درج ذیل مصنفین میں سے کسی ایک کی سوانح حیات لکھئے۔ 4

(۱) احمد ندیم قاسمی (۲) جہاں قدر چغتائی (۳) مولوی نذیر احمد

سوال۔14 درج ذیل اشعار میں سے کنہیں دو اشعار کی تشریح کیجئے۔ 4

(۱) جگ میں آکر ادھر اُدھر دیکھا
تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا

(۲) دل دھڑکتے ہی پھر گئی وہ نظر
لب تک آئی نہ تھی کہ بات گئی

(۳) سحر لے کے آئے کہ شب دے کے جائے
غرض اک نئی روشنی چاہتے ہیں

سوال۔15 زندگی کی رونق کب چلی جاتی ہے ؟ 2

یا۔

فطرت نے گیسوؤں کو کس طرح سنوارا ہے ؟

سوال۔16 شعار زیست سے کیا سمجھتے ہو ؟ 2

یا۔

نئی روشنی سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

سوال۔17 سیتاجی کس کے چرنوں کی ریکھا ہیں ؟ 2

یا۔

انیس نے دنیا کو سرائے فانی کیوں کہا ہے ؟

سوال۔18 درج ذیل بند میں سے کسی ایک بند کی تشریح مع حوالے کے لکھئے۔ 4

(۱) برسات کی رات تھی اندھیری
کچھ نیند اُچٹ گئی تھی میری
پانی جو برس کے کھل گیا تھا
گلشن کا غبار دھل گیا تھا

(۲) رات کی تاریکیوں میں جھلملاتی کانپتی
پٹریوں پر دور تک سیماب چھلکاتی ہوئی
پل پہ دریا کے دمادم کوندتی للکارتی
اپنی اس طوفان انگیزی پہ اتراتی ہوئی

سوال۔19 سوالنامہ میں آئے اشعار کو چھوڑ کر کسی بھی نظم کی چار لائن لکھئے، جو آپ کے نصاب میں شامل ہو۔ 4

سوال۔20 بھکتوں اور صوفیوں نے اردو پر کیا اثرات ڈالے ؟ 2

یا۔

اردو کو مخلوط اور مشترکہ کلچر کیوں کہا گیا ہے ؟

سوال۔21 بیٹوں کا جھگڑا کس بات پر ہوا تھا ؟ 2

یا۔

اپنے حق میں فیصلہ ہونے کے بعد چاروں بیٹوں نے اپنے والد کے ساتھ کیا سلوک کیا ؟

سوال۔22 درج ذیل علامتوں کے سامنے اوقاف کے نام لکھئے۔ (کوئی دو) 2

(،) ............... (؟) ............... (!) ............... (۔) ...............

یا۔

دیئے گئے الفاظ میں سے کسی چار کے معنی لکھئے۔

گندم ، اعتراف ، تقدیر ، طبیب ، مشک ، نالہ ، مہتاب

سوال۔23 مندرجہ ذیل الفاظ کے مذکر مؤنث لکھئے۔ (کوئی چار) 2

ملازم ، خادم ، عورت ، والد ، ماں ، بادشاہ ، عالم ، محترم ، استانی ، بیٹا

http://www.mpboardonline.com

یا۔

مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کوئی چار کے متضاد (ضد) لکھئے۔

غم ، دن ، آسمان ، انسان ، خوشبو ، خوبصورت ، حیوانیت

سوال۔24 درج ذیل محاوروں میں سے کسی دو محاوروں کا مطلب لکھتے ہوئے جملے میں استعمال کیجئے۔ 4

۱۔باغ باغ ہونا ۲۔نو دو گیارہ ہونا ۳۔جوتیاں چٹخانا ۴۔منہ مانگی مراد پانا

یا۔

تشبیہ کی تعریف لکھئے مثال کے ساتھ۔

سوال۔25 درج ذیل جملے صحیح کیجئے۔ 5

۱۔ بچے مدرسے جارہی تھے۔

۲۔ بڑوں کا ادب کرنا ہماری فرض ہے۔

۳۔ ہندو اور مسلمان دونوں مشترکہ تہذیب کی پہچان ھیں۔

۴۔ کھان پگڈنڈی پر حکے کے کش لگا رہے ہیں۔

یا۔

تلمیح کی تعریف مع مثال کے لکھئے۔

سوال۔26 اپنے پرنسپل صاحب کو فیس معافی کی درخواست لکھئے۔ 5

یا۔

اپنے دوست کو بہن کی شادی میں مدعو کرنے کے لئے خط لکھئے۔

سوال۔27 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان کے تحت تقریباً ۳۰۰ الفاظ میں مضمون لکھئے۔ 10

۱۔سائنس کے فائدے اور نقصانات ۲۔کمپیوٹر کا استعمال اور فائدے ۳۔کوئی پسندیدہ کھیل

۴۔ماحولیاتی آلودگی ۵۔کوئی قومی تہوار ۶۔کوئی دلچسپ شعر

سوال۔28 نیچے لکھے گئے غیر درسی اقتباس کو پڑھ کر پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔ 5

اردو زبان کے خط وخال بارہویں صدی کے آخر میں بننے شروع ہوئے۔اردو ہندوستان کا بہت بڑا لسانی ورثہ ہے۔ ہندو، مسلم، سکھ، عیسائی، پارسی سب کے میل جول سے فروغ حاصل ہوا۔یہ ایک آریائی زبان ہے،جس کی ساخت ہندوستانی ہے۔ اس میں ایرانی، عربی، انگریزی زبانوں کے اثرات بھی ہیں لیکن ہندوستانی علاقائی زبانوں کے اثرات اسی میں زیادہ ہیں۔اس وجہ سے اس زبان میں اظہار کی وسعت پیدا ہوئی اور ہماری قومی اور لسانی تہذیب کی علامت بن گئی۔

<u>سوالات:</u>

۱۔ اردو زبان کے خط وخال کب بننا شروع ہو گئے ؟

۲۔ اردو زبان کو کیسے فروغ حاصل ہوا ؟

۳۔ اردو زبان میں کن زبانوں کے اثرات زیادہ ہیں ؟

۴۔ اردو ہماری کیسی علامت بن گئی ہے ؟

۵۔ اس عبارت کا مناسب عنوان لکھئے۔

..........☆..........

http://www.mpboardonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Your old paper & get 10/-
पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से